# 5212 ـ کتے کو چھونے اور اس کے لعاب سے وضوء نہیں ٹوٹتا

**سوال**

کیا کتے کو چھونے اور اس کے لعاب سے وضوء ٹوٹ جاتا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

کتے کو چھونے یا اس کے لعاب سے وضوء نہیں ٹوٹتا اس لیے کہ جب شرعی دلیل کے تقاضہ سے طہارت و پاکیزگی ثابت ہو تو وہ کسی شرعی دلیل کے بغیر ختم نہیں ہوتی، اور کتے کو چھونے اور اس کے لعاب سے وضوء ٹوٹنے کی کوئی دلیل نہیں ملتی، اور نہ ہی علماء کرام نے اسے نواقض وضوء یعنی وضوء توڑنے والی اشیاء میں ذکر کیا ہے.

ابن قدامہ رحمہ اللہ " المغنی " میں نواقض وضوء جن میں کتےکو چھونے اور اس کے لعاب کا ذکر نہیں ہے اسے بیان کرتے کے بعد کہتے ہیں:

" یہ سب اشیاء طہارت و پاکیزگی اور وضوء کو ختم کر دیتی ہیں عام علماء کرام کے قول کے مطابق ان کے بغیر کسی اور چیز سے وضوء نہیں ٹوٹتا.... " انتہی.

دیکھیں: المغنی ابن قدامہ ( 1 / 264 ).

لیکن اس میں کوئی شك نہیں کہ کتے کا لعاب نجس اور شدید قسم کی گندگی انتہائی نجاست ہے، جو سات بار دھونے کے بغیر زائل نہیں ہوتی جن میں ایك بار مٹی سے دھونا بھی شامل ہے، اس میں اور وضوء ٹوٹنے میں فرق یہی ہے.

واللہ اعلم .